سیاسی تقدیر

Urdu Daily SIYASI TAQDEER Delhi

Friday 30 May 2025

# راشٹرپتی بھون میں ساہتیہ اکادمی کے زیر اہتمام ادبی کانفرنس کا انعقاد




نئی دہلی، 29 مئی (پریس ریلیز) ساہتیہ اکادمی اور راشٹرپتی بھون کلچرل سنٹر کے باہمی اشتراک سے منعقدہ دو روزہ ادبی کانفرنس بعنوان 'کتنا بدل چکا ہے ادب؟' کا افتتاح صدر جمہوریہ ہند عزت مآب شریمتی دروپدی مرمو نے راشٹرپتی بھون کلچرل سنٹر، نئی دہلی میں کیا۔ انھوں نے اپنے افتتاحی خطبے میں کہا کہ ایک سو چالیس کروڑ ہندستانیوں کے ہمارے عظیم کنبے میں بے شمار زبانیں اور بولیاں رائج ہیں اور ادبی روایات کی بے کراں رنگارنگی جلوہ گر ہے۔ لیکن اس کثرت میں ہمیں ہر جگہ ہندستانیت کی دھڑکن محسوس ہوتی ہے۔ یہ جذبۂ ہندوستانیت ہمارے قومی شعور کا جزوِ لاینفک بن چکا ہے۔ میں مانتی ہوں کہ ملک کی تمام زبانوں میں لکھا جانے والا ادب میرا ہی ادب ہے۔ انھوں نے گوپ بندھو داس، رابندر ناتھ ٹیگور، فقیر موہن سیناپتی، گنگادھر مہر اور پرتبھا رائے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آج کا ادب محض نصیحت آمیز نہیں ہو سکتا بلکہ ادب ہی وہ قوت ہے جو انسان کو خواب دیکھنے کی تحریک دیتا ہے اور ان خوابوں کو حقیقت کا روپ دینے کا حوصلہ بخشتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ جیسے جیسے سماج اور سماجی ادارے بدلتے ہیں۔